107943 - فلكی حساب پر عمل كرنے والوں كے ساتھ روزے ركھنے والا عيد كب كرے

سوال

ميں ايك طالب علم ہوں اور يہاں انڈيا كی رياست " كرناٹك " ميں زير تعليم ہوں، يہاں رمضان المبارك كی ابتدا اور اختتام ميں مسلمانوں ميں اختلاف ہے، كيونكہ رياستی حكومت سال كے ابتداء ميں ہی رمضان المبارك كی تحديد كر ديتی ہے اس كا معنی يہ ہوا كہ وہ چاند پر انحصار نہيں كرتے، جس كی وجہ سے كچھ مسلمان جن ميں اكثر عرب ہيں نے ان كو چھوڑ كر سعودی عرب كے ساتھ رمضان كی ابتدا شروع كر دی ہے، كيا يہ صحيح ہے، اور جو يہاں رياست كے ساتھ روزہ ركھ چكے ہيں انہيں اب كيا كرنا چاہيے ؟

پسنديدہ جواب

الحمد للہ.

اگر مسلمان شخص كسی ايسے ملك ميں رہتا ہو جہاں مہينہ كی ابتدا ميں شرعی رؤيت كا اعتبار ہوتا ہو تو پھر اسے يہی حكم ہے كہ وہ ان كے ساتھ ہی روزہ ركھے اور عيد كرے، اس كا تفصيلی بيان سوال نمبر (12660) كے جواب ميں گزر چكا ہے.

ليكن اگر مسلمان كسی كافر يا پھر كسی ايسے ملك ميں بستا ہو جہاں مہينہ كی ابتدا اور اختتام كے ساتھ كھيلا جاتا ہو اور وہ اپنی خواہش كے مطابق مہينہ شروع اور ختم كرتے ہوں اور اس ميں شرعی رؤيت كا خيال نہ كريں تو پھر اس علاقے كے لوگ قريب ترين ملك كے تابع ہيں جو رؤيت ہلال پر عمل كرتے ہوں، اور اگر وہ كسی ايسے ملك كے ساتھ روزہ ركھے جن كی رؤيت موثوق ہو مثلا حرمين تو اس ميں كوئی حرج نہيں.

اس بنا پر مثال كے طور پر انڈيا ميں روزہ رؤيت ہلال پر عمل كرنے والے ملكوں كے ايك دن بعد ركھا گيا ہے ہم روزہ ركھنے والوں كو كہيں گے: تم انڈيا والوں كے ساتھ عيد مت كرو بلكہ عيد ان كے ساتھ مناؤ جو ملك چاند ديكھ كر عمل كرتا ہے اور ايك دن كے روزے كی قضاء كر لو يعنی يكم رمضان كے روزے كی "

واللہ اعلم .